**MZK / Shabbir**

**09-10-2023**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ اسرائیل نے، فلسطین کے اسلام پسند گروپ حماس پر جنگی جرائم کا الزام عائد کیا ہے اُس نے دہشت گردانہ بنیادی ڈھانچے کے مکمل خاتمے کا عہد کیا ہے۔ دونوں ہی طرف کے تقریباً ایک ہزار افراد مارے گئے ہیں۔

☆ افغانستان کے زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد دو ہزار چار سو تک پہنچ گئی ہے۔

☆ اچانک سیلاب سے متاثرہ سکم میں، 105 لاپتہ افراد کے لیے تلاش کی کارروائی جاری ہے۔ یہاں مرنے والوں کی تعداد 33 ہوگئی ہے۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج اٹلی اور فرانس کے دورے پر روانہ ہوں گے۔

☆ اور کرکٹ میں:

مردوں کے تیرھویں ODI عالمی کپ کے اپنے پہلے میچ میں، بھارت نے آسٹریلیا کو چھ وکٹ سے ہرایا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**Israel Hamas**

حماس اور اسرائیل کے درمیان جاری تنازعہ میں مرنے کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ ہوگئی ہے۔ اسرائیل کی طرف تقریباً سات سو افراد ہلاک ہوئے ہیں جبکہ غزہ میں چار سو افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ اندیشہ ہے کہ زخمیوں کی تعداد بھی ہزاروں میں ہے۔ یہ بھی اندازہ ہے کہ مرنے والوں کی تعداد اور زیادہ ہوجائے، کیونکہ جنگ، حماس اور اسرائیل کے حفاظتی عملے کے درمیان بہت سی جگہوں پر جاری ہے۔

اسرائیلی فوج نے غزہ میں ابھی تک 800 سے زیادہ نشانوں پر وار کرنے کا دعوہ کیا ہے جن میں وہ فضائی حملے بھی شامل ہیں جن کی وجہ سے لبنان کے شمال مشرقی علاقے میں Beit Hanoun قصبے کا زیادہ تر حصہ منہدم ہو گیا ہے۔

اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ غزہ میں کم سے کم 70 ہزار فلسطینی افراد، اُس کے زیر انتظام اسکولوں میں پناہ لیے ہوئے ہیں۔

اسرائیل کے وزیراعظم بن یامن نتن یاہو نے کل امریکی صدر جوبائیڈن سے بات کی جنہوں نے اُن کے ملک کیلئے غیرمشروط حمایت کا اظہار کیا ہے۔

اس سے قبل وزیراعظم نتن یاہو نے جرمن چانسلر Olaf Scholz ، یوکرین کے صدر وولادیمیرزیلنسکی، اٹلی کی وزیراعظم Giorgia Meloni اور برطانیہ کے وزیراعظم رشی سونک سمیت دیگر عالمی رہنماؤں کے ساتھ بات کی تھی جنہوں نے اُن کے ملک کے دفاع کیلئے اسرائیل کی حمایت بھی کی ہے۔ امریکی صدر نے Hamas کے اچانک حملے کے دوران خود کا دفاع کرنے کی خاطر اسرائیل

کے حق کیلئے مکمل  حمایت کی توثیق کی ہے۔جناب نتن یاہو نے واضح حمایت پر جناب بائیڈن کا شکریہ بھی ادا کیا اور اس بات پر زور دیا کہ ایک طویل مہم ضروری ہے۔

کل کیرالہ کے شہر کوچی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے خارجی امور کے مرکزی وزیرِمملکت وی مرلی دھرن نے اسرائیل میں پھنسے ہوئے بھارتی افراد سے زور دے کر کہا ہے کہ اگر انھیں کسی طرح کی مدد کی ضرورت ہے تو وہ بھارتی سفارتخانے سے رابطہ قائم کریں۔

SB/-V Murlidharan

اسی دوران ایئر انڈیا نے اس ماہ کی 14 تاریخ تک تل ابیب سے آنے اور جانے والی پروازیں منسوخ کردی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا نے بتایا کہ اتل ابیب سے آنے اور جانے والی پروازیں مسافروں اور عملے کی حفاظت کے لیے، ہفتے تک معطل رہیں گی۔ ایئر لائن نے یہ بھی کہا کہ وہ اُن مسافروں کو ہرممکن مدد فراہم کرے گی جنھوں نے اس مدت میں کسی بھی پرواز کے لیے بکنگ کی تصدیق کی ہے۔

## Afghanistan Quake

افغانستان میں شدید زلزلے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 2 ہزار 400 ہوگئی ہے کیونکہ تلاش اور بچاؤ کی مسلسل کوششوں کے دوران اس طرح کی اطلاعات ہیں کہ کچھ لوگوں کے منہدم عمارتوں میں پھنسے ہونے کا اندیشہ ہے۔ دودہائیوں میں ملک کو سب سے زیادہ متاثر کرنے والے  ہلاکت خیز حملوں میں سے ایک حملہ تھا۔انسانی ہمدردی کے امور کے رابطے سے متعلق اقوام متحدہ کے دفتر نے بتایا ہے کہ  کم سے کم 465 مکانات کے مکمل طور سے تباہ ہونے جبکہ 135 کو نقصان پہنچنے کی خبریں ہیں۔

چھ اعشاریہ تین شدت کا یہ زلزلہ سنیچر کے روز  مغربی ہیرات شہر سے تقریباً چالیس کلومیٹر دور پر آیاتھا۔ کئی عمارتوں کو نقصان پہنچا، لوگ ملبے میں پھنس گئے اور زلزلے کے  بعد بھی تین اور زبردست جھٹکے محسوس کئے گئے۔

افغانستان میں خاص کر ہندوکش پہاڑیوں میں اکثر وبیشتر  زلزلے آتے ہیں۔پچھلے سال جون میں Paktika صوبے میں پانچ اعشاریہ نو شدت کا ایک زلزلہ آیاتھا جس میں ایک ہزار سے زیادہ افراد ہلاک ہوئے تھے جبکہ سیکڑوں لوگ بے گھر ہوگئے تھے۔x

## Sikkim Flood

سیلاب سے متاثرہ سکم میں 9 فوجی اہلکاروں سمیت مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 33 ہوگئی ہے۔سکم کی ناگہانی آفات سے نمٹنے والی ریاستی اتھارٹی کے مطابق اب بھی 105 افراد لاپتہ بتائے جارہے ہیں۔ابھی تک دو ہزار 563 افراد کا رسکیو کیاگیاہے جبکہ 6 ہزار 847 افراد کو 28 امدادی کیمپوں میں پناہ دی گئی ہے۔ مجموعی طورپر ایک ہزار 320 مکانات کو شدید نقصان پہنچا ہے۔

اس دوران بھارتی فوج کی ترشکتی کور کے جوان لاپتہ اہلکاروں کی تلاش جاری رکھے ہوئے ہیں۔ 23 اہلکاروں میں ایک کو 4 اکتوبر کے روز زندہ بچالیاگیاتھا جبکہ ابھی تک آٹھ لاشوں کی شناخت کی گئی ہے۔ ترشکتی کور کے جوان شمالی سکم کے لاچن، لاچھنگ، تھانگو اور چنگ تھانگ میں پھنسے ہوئے 17سو سیاحوں کو بھی مدد پہنچارہے ہیں۔

خراب موسم کے باوجود فوجی جوان ان سیاحوں کو وہاں سے نکالے جانے تک محفوظ رکھنے کی ہرممکن کوشش کررہے ہیں۔

مرکزی حکومت کی ایک بین وزارتی ٹیم قدرتی آفت سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لینے کیلئے سکم میں موجود ہے۔یہ ٹیم کل دیر رات گینگٹوک پہنچ گئی ہے۔x

## Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں  براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''ڈینگی بخار: وجوہات، علامات اور روک تھام کے اقدامات'' کے موضوع پر نئی دلی کے ایمز میں، ڈپارٹمنٹ آف میڈیسن سے وابستہ ڈاکٹر پیوش رنجن کے ساتھ ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔

سامعین، اس سلسلے میں اپنے سوالات آج رات ساڑھے نو بجے سے اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، سات ایک، سات ایک، صفر چھ

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک - چار چار، چار چار

آپ اپنے سوالات، ہیش ٹیگ Askair کے ذریعے ہمارے ٹوئیٹر ہینڈل airnewsalerts@ پر بھی پوسٹ کرسکتے ہیں۔

یہ براہ راست پروگرام ایف ایم گولڈ چینل اور اضافی میٹروں پر بھی سنا جاسکتا ہے۔ یہ پروگرام ہماری ویب سائٹ NEWS ON AIR DOT NIC DOT IN پر اور ہمارے یوٹیوب چینل NEWS ON AIR OFFICIAL پر بھی دستیاب ہوگا۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**Rajnath Visit**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج سے بارہ اکتوبر تک اٹلی اور فرانس کا دورہ کریں گے۔ دو ملکوں کے اس دورے کے پہلے مرحلے میں وزیر موصوف، روم میں اٹلی کے وزیرِ دفاع Guido Crisetto سے ملاقات کریں گے۔ بھارت اور اٹلی کے درمیان رشتوں میں اس سال مارچ میں اہم شراکت داری تک اضافہ ہوا تھا، جب اٹلی کے وزیراعظم نے بھارت کا دورہ کیا تھا۔

جناب سنگھ اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں پیرس میں اپنے ہم منصب، فرانس کے مسلح فوجوں کے وزیر Sebastian Lecornu کے ساتھ دفاع سے متعلق پانچویں سالانہ مذاکرات کریں گے۔

بھارت اور فرانس نے حال ہی میں اپنی شراکت داری کے 25 سال کا جشن منایا تھا۔ دونوں ملکوں کے درمیان گہرے اور وسیع دو طرفہ دفاعی تعلقات ہیں، جن میں اہم صنعتی تعاون بھی شامل ہے۔

وزیر دفاع روم اور پیرس دونوں ہی شہروں میں دفاع کی صنعت کے CEOs اور سینئر نمائندوں سے بھی بات چیت کریں گے وہ صنعتی تعاون کیلیے امکانی موقعوں پر بات چیت کریں گے۔x

**Tanzania Prez. India**

تنزانیہ کی صدر سامعہ Suluhu حسن آج نئی دلی میں وزیراعظم نریندر مودی سے دو طرفہ بات چیت کریں گی۔ ملاقات کے دوران دونوں ملکوں کے درمیان مختلف میدانوں میں، مفاہمت ناموں کا لین دین کیا جائے گا۔

تنزانیہ کی صدر، بھارت کے چار روزہ سرکاری دورے پر کل نئی دلی پہنچی ہیں۔ وہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی دعوت پر یہاں آئی ہیں۔ انھیں تنزانیہ کی صدر کو راشٹرپتی بھون کے احاطے میں باقاعدہ استقبالیہ دیا جائے گا۔ اسکے بعد وہ راج گھاٹ پر گلدائرہ نذر کرنے کی تقریب میں شرکت کریں گی۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ جب سے انھوں نے تنزانیہ کے صدر کا عہدہ سنبھالا ہے، یہ ان کا بھارت کا پہلا دورہ ہے۔ تنزانیہ کا کوئی صدر، بھارت کا دورہ آٹھ سال کے عرصے کے بعد کر رہا ہے۔ اُن کے دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان تاریخی اور دوستانہ تعلقات کو تقویت اور استحکام حاصل ہوگا۔

وزیراعظم مودی کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کے بعد وہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کریں گی۔ صدر جمہوریہ تنزانیہ کی صدر سامعہ Suluhu حسن کے اعزاز میں ایک سرکاری ضیافت کا اہتمام کریں گی۔

کل تنزانیہ کی صدر نئی دلی میں تجارت اور سرمایہ کاری کے فورم میں شرکت کریں گی۔x

**Jaishankar T Prez**

وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل تنزانیہ کی صدر سے ایک میٹنگ کی۔جناب جے شنکر نے افریقی یونین کو جی ٹوئنٹی کے

مستقل ممبر کے طور پر شامل کرنے کی وزیراعظم نریندر مودی کی پہل کی سراہنا کرنے کیلئے مہمان صدر کا شکریہ ادا کیا۔x

## ECI Dates

انتخابی کمیشن آج ECI راجستھان،مدھیہ پردیش،تلنگانہ، چھتیس گڑھ اور میزورم پانچ ریاستوں میں چناؤ تاریخوں کا اعلان کرے گا۔ اس سلسلے میں بھارت کا انتخابی کمیشن نئی دلی میں دوپہر بارہ بجے ایک پریس کانفرنس کرے گا۔ چناؤ کی تاریخوں کے اعلان کے ساتھ سبھی ریاستوں میں مثالی ضابطہ عمل نافذ ہوجائے گا۔ بھارت کے انتخابی کمیشن کی مختلف ٹیموں نے حال ہی میں ان ریاستوں کا دورہ کیا تھا۔x

## Uttarakhand Bus Accident

اتراکھنڈ میں 7 افراد ہلاک اور 22 دیگر اس وقت زخمی ہوگئے جب کل دیر رات نینی تال ضلعے میں Kaladhungi روڈ پر منگولی Ghatkad کے نزدیک 31 مسافروں کو لے جارہی ایک بس ایک کھائی میں گرگئی۔بس حادثے میں شامل افراد ہریانہ کے Hisar ضلعے کے اسکول کے ٹیچرس تھے جو نینی تال کے ایک دورے سے واپس آرہے تھے۔ دیگر بچاؤ یونٹوں کے ساتھ ساتھ SDRF کی ٹیم اور مقامی پولیس نے حادثے کے بعد 25 افراد کو بچایا ہے۔

زخمیوں کو علاج کے لیے ہلدوانی کے سشیلا تیواری اسپتال لے جایا گیاہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے نینی تال کی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ وندنا سنگھ نے بتایا:

SB Vandana Singh DM Nainital

## Laddakh Results

لداخ میں خودمختار ترقیاتی پہاڑی کونسل (LAHDC) کرگل چناؤ میں نیشنل کانفرنس اور کانگریس اتحاد نے پانچویں انتخابات میں مکمل اکثریت حاصل کی ہے۔ کل کی گئی ووٹوں کی گنتی میں نیشنل کانفرنس 12 سیٹیں جیت کر واحد سب سے بڑی پارٹی کے طور پر سامنے آئی ہے جبکہ کانگریس نے لداخ کے 2019 میں مرکز کے زیر انتظام علاقے کی حیثیت سے شامل ہونے کے بعد ہوئے پہلے انتخابات میں دس سیٹیں حاصل کی ہیں۔ بھارتیہ جنتاپارٹی نے دو سیٹیں جبکہ آزاد امیدواروں نے بھی دو سیٹیں حاصل کی ہیں۔ خودمختار ترقیاتی پہاڑی کونسل کرگل کے پانچویں انتخابات اس مہینے کی 4 تاریخ کو منعقد کئے گئے تھے۔x

## J&K Choper Service

جموں وکشمیر میں کٹرہ کی ترکوٹا پہاڑیوں میں واقع ماتاویشنودیوی کے استھاپن کیلئے کل سے چوپر کرایہ مہنگا ہوجائے گا کیونکہ ہوائی کمپنی نے عقیدت مندوں کیلئے کرایہ بڑھانے کا فیصلہ لیاہے۔

کنٹریکٹ ملنے والی ایوی ایشن کمپنی نے کٹرہ سے سانجھی تک کل سے یکطرفہ سفر کیلئے فی مسافر 21 سو روپیہ اور دوطرفہ سفر کیلئے 42 سو روپیہ کرایہ چارج کرنے کا فیصلہ لیاہے۔پہلے یہ کرایہ بالترتیب 1820 اور 3640 روپیہ ہوا کرتا تھا۔x

## Spice Park

مرکزی سرکار کی عوامی رابطہ کاری مہم کے تحت بھاری صنعتوں اور پبلک انٹرپرائزز کے مرکزی وزیر ڈاکٹر مہندرناتھ پانڈے نے جموں وکشمیر کے پانپور پلوامہ میں قائم زعفران اسپائس پارک کا دورہ کیا۔

انہوں نے بنیادی ڈھانچے کے علاوہ پارک کی مختلف اکائیوں کا معائنہ کیا، جس دوران انہیں GI ٹیگ والے معیاری کشمیری زعفران کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی گئی۔x

## Telangana Employees Health Scheeme

تلنگانہ سرکار نے سرکاری ملازمین، اُن کے کنبوں اور اُن پینشن یافتگان کے لیے، نقدی کے بغیر صحت بیمہ اسکیم پر عمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جنھوں نے ملازمین کی صحت اسکیم EHS کے تحت اپنا اندراج کرایا ہوا ہے۔ ریاستی سرکار نے کُل ملازمین کا، حفظانِ صحت سے متعلق ٹرسٹ EHCT تشکیل دیا ہے۔

ملازمین اور پینشن یافتگان EHCT میں ہر ماہ ایک مقررہ رقم جمع کرائیں گے، یہ رقم ان کی تنخواہوں یا پینشن سے ہر ماہ کاٹی جائے گی۔ ریاستی سرکار بھی ہر ماہ اس ٹرسٹ میں اتنی ہی رقم جمع کرے گی۔

EHCT کا بورڈ آف ٹرسٹیز، پالیسی معاملات پر سرکار کو سفارشات پیش کرے گا اور ریاستی سرکار آئندہ دنوں میں EHS کے لیے ایک CEO مقرر کرے گی۔

ملازمین کی نئی صحت اسکیم پر عمل درآمد کے طور طریقوں سے متعلق تفصیلی رہنما خطوط جاری کیے جائیں گے-x

## Telangana Extension of Train Services

جنوب وسطی ریلوے نے چار مزید ریل گاڑیوں کی توسیع کو منظوری دی ہے۔ سیاحت کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی آج صبح دیر گئے قاضی پیٹ سے، پُنے کے Hadapsar تک اور سکندرآباد اسٹیشن سے، ٹرین کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ وہ کرنول-جے پور، بودھن- کریم نگر، رائے چور -ناندیر ریل گاڑیوں کو بھی ورچوَل وسیلے سے جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔

جے پور سے کاچی گُڑا تک چلنے والی، جے پور ویکلی ایکسپریس کو بھی، آندھرا پردیش کے کرنول شہر تک توسیع دی جائے گی۔ اس کے علاوہ ہفتے میں تین بار چلنے والی Hadapsar - حیدرآباد -Hadapsar - کو بھی قاضی پیٹ تک توسیع دی جائے گی۔ یہ ٹرین Bhuvanagiri اور Janagama سے ہوکر گزرے گی۔

اپچ ایس ناندیر-تندور-پربھانی ڈیلی ایکسپریس کو بھی رائے چور تک توسیع دی جائے گی جبکہ کریم نگر - نظام آباد - کریم نگر ڈیلی پیسنجر گاڑی کو بھی بودھن تک چلایا جائے گا-x

## CRICKET WORLD CUP

ICC کرکٹ کے عالمی کپ کے میچ میں بھارت نے آسٹریلیا کو چھ وکٹ سے ہراکر اپنی مہم کا آغاز شاندار جیت سے کرلیاہے۔ ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں کل کھیلے گئے میچ میں بھارتی ٹیم نے 200رن کے ہدف کو چار وکٹوں کے نقصان پر 41 اعشاریہ دو اوورس میں آسانی سے حاصل کرلیا۔

وراٹ کوہلی اور کے ایل راہل کی ناقابل شکست پارٹنرشپ کی بدولت بھارتی ٹیم جیت سے ہمکنار ہوگئی۔شاندار 97 رن اسکور کرنے پر کے ایل راہل کو مین آف دی میچ قرار دیاگیا۔

اس سے پہلے آسٹریلیا کی پوری ٹیم پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 49 اعشاریہ تین اوور میں 199 رن پر سمٹ گئی۔

آج حیدرآباد کے راجیوگاندھی اسٹیڈیم میں نیوزیلینڈ اور نیدرلینڈ کے مابین میچ ہوگا-+

یہ تھی خبریں۔

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......شبیراحمدراتھر

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے اسرائیل اور حماس کے درمیان جاری جنگ سے متعلق خبروں کو اولیت کے ساتھ اپنے پہلے صفحات پر شائع کیاہے۔

روزنامہ انقلاب کی سرورق خبر ہے: اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ میں شدت، دونوں طرف سے ایک ہزار سے زیادہ افراد ہلاک، اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں ہنگامی اجلاس۔

اس سلسلے میں روزنامہ پرتاپ رقمطراز ہے: اسرائیل فلسطین جنگ میں لبنان سے حزب اللہ بھی شامل، اسرائیلی ٹھکانوں پر راکٹ داغے، جوابی کارروائی بھی ہوئی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے: اسرائیلی یرغمالیوں کو چھڑانے کیلئے مصر سے مددطلب۔

روزنامہ اخبارِمشرق نے افغانستان میں آئے تباہ کن زلزلے کو اہم سرخی کے طور پر جگہ دی ہے، لکھا ہے کہ افغانستان میں زلزلے سے ہزاروں ہلاکتیں، پہلے جھٹکے میں ہی متعدد گھر منہدم، ہرات کے کئی دیہات میں دو ہزار سے زیادہ افراد ہلاک۔

انقلاب کی ایک اور اہم خبر ہے کہ دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد کرگل میں پہلا الیکشن، خود مختار پہاڑی ترقیاتی کونسل کے چناؤ میں NC کانگریس اتحاد 21 سیٹوں پر قابض۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

- ☆ اسرائیل نے، فلسطین کے اسلام پسند گروپ حماس پر جنگی جرائم کا الزام عائد کیا ہے اُس نے دہشت گردانہ بنیادی ڈھانچے کے مکمل خاتمے کا عہد کیا ہے۔ دونوں ہی طرف کے تقریباً ایک ہزار افراد مارے گئے ہیں۔
- ☆ افغانستان کے زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد دو ہزار چار سو تک پہنچ گئی ہے۔
- ☆ اچانک سیلاب سے متاثرہ سکم میں، 105 لاپتہ افراد کے لیے تلاش کی کارروائی جاری ہے۔ یہاں مرنے والوں کی تعداد 33 ہوگئی ہے۔
- ☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج اٹلی اور فرانس کے دورے پر روانہ ہوں گے۔
- ☆ اور کرکٹ میں:

مردوں کے تیرھویں ODI عالمی کپ کے اپنے پہلے میچ میں، بھارت نے آسٹریلیا کو چھ وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---